© rasailojaraid.com

پوز بنانے کے شوق میں نہیں کہ إنما الأعمال بالنیات

جان بچانے کے لئے اگر بقدرِ ضرورت حرام کھانے کی اجازت ہے تو ایمان بچانا اس سے بھی اہم تر ہے۔ اس لئے ضرورۃً ایسے پروگرام میں شرکت یقیناً باعثِ عفو ہوگا اور اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا باعث نہیں بنے گا۔ والسلام

(مولانا) ارشاد الحق اثری

## ③ تبصرہ سید حامد عبد الرحمٰن الکاف، یمن

مسئلہ تصویر یوں تو ہر دور میں ایک زندہ حقیقت کی حیثیت سے گرما گرم بحثوں اور مباحثوں کا مرکز بنا رہا ہے، لیکن نائن الیون کے بعد اہل صلیب اور اہل صہیون نے بعض ایسے مسلمانوں کے تعاون سے جو شکست خوردگی اور مغرب سے مرعوبیت کے مرضِ مہلک کا شکار ہیں، اسلام اور مسلمانوں پر جہاں بڑے پیمانے پر ہلاکت کرنے والے ہتھیاروں کو پوری درندگی اور بے رحمی سے استعمال کیا ہے، وہاں اُنہوں نے میڈیا کے سمندروں میں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف عالمی پیمانے پر زہرناک پروپیگنڈوں کے سونامیوں کو بھی اُبالا اور پھیلایا ہے تاکہ مادی پہلو کے ساتھ ساتھ معنوی پہلوؤں پر بھی یلغار کرکے مسلمانوں کے عقائد، عبادات، معاملات، تاریخ اور تہذیب وثقافت کونیست و نابود کیا جاسکے۔ ان میڈیائی سونامیوں کی اونچی اونچی موجیں اتنی طاقتور تھیں کہ عام طور پر علماے اسلام ان کی خطرناکیوں اور تباہ کاریوں سے بے حد پریشان ہوئے۔ پانچ سال تک یہی صورتِ حال رہی۔ بالآخر چھٹے سال ۲۰۰۷ء میں پاکستان میں ''جملہ مکاتبِ فکر کی سرکردہ علمی شخصیات پر مشتمل 'ملی مجلس شرعی' کے نام سے ایک مستقل پلیٹ فارم تشکیل دیا گیا تھا جس کا ہدف یہ تھا کہ ''فروعی اختلافات سے بالاتر رہتے ہوئے عوام الناس کو اسلام کی روشنی میں درپیش مسائل کا حل'' پیش کیا جائے۔ اس مجلس شرعی کے تاسیسی اجلاس (منعقدہ جامعہ نعیمیہ، لاہور) میں سب سے پہلے مسئلہ تصویر موضوع بحث بنا۔ چنانچہ اِمسال ۱۳/اپریل ۲۰۰۸ء کو 'ملی مجلس شرعی' کے پلیٹ فارم سے جملہ مکاتبِ فکر کا ایک وسیع سیمینار منعقد ہوا جس میں ① بریلوی مکتبِ فکر سے چار، ② دیوبندی مکتبِ فکر سے پانچ، ③ اہل حدیث مکتبِ فکر سے چار اور جماعتِ اسلامی سے شیخ الحدیث مولانا عبدالمالک (مہتمم مرکز علوم اسلامیہ،

© rasailojaraid.com

منصورہ) وغیرہ نے اس حساس اور نازک موضوع پر اپنے قیمتی خیالات پیش کئے۔‘‘

(ماہنامہ ’محدث‘ لاہور اشاعتِ خاص برمسئلہ تصویر، جون ۲۰۰۸ء ص ۴تا۷ بہ تصرف)

الحمدللہ ثم الحمدللہ ایک عرصے کے بعد ’فروعی اختلافات سے بالاتر‘ ہوکر ایک اہم مسئلہ پر مختلف مکاتبِ فکر کے علمائے کرام کے اس اِجماع واتفاق پر میں اپنی دلی مسرت کا اس دعا کے ساتھ گرم جوشی سے استقبال کرتا ہوں کہ ’اساسیاتِ دین‘ ہی کو بنیاد بنا کر وہ اس اُمت کو پیش آمدہ مسائل پر اس قسم کے اجتماعات اور سیمینار منعقد فرما کر اگر بالاجماع نہ سہی تو کم از کم ’اکثریتِ رائے‘ سے ایک راہِ عمل دکھا سکتے ہیں۔ یہ ایک انتہائی مبارک قدم ہے اور اس راہ پر مسلسل چلتے رہنے ہی کی ضرورت بلکہ اشد ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس بشارتِ خیر اور سلسلۂ خیر کو جاری رکھے اور اس کو اپنے فضل وکرم سے ثمر آور بنائے۔ آمین!

اس موقع پر میں ماہنامہ ’محدث‘ لاہور کے مدیر باتدبیر جناب مولانا حافظ حسن مدنی صاحب اور مدیر اعلیٰ جناب حافظ عبدالرحمٰن مدنی صاحب حفظہ اللہ کو ان تمناؤں کے ساتھ دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان سے اپنے دین کی مزید خدمات لے۔ آمین!

یہ مبارک باد ماہنامہ ’محدث‘ لاہور کے اس خاص نمبر کے سلسلے میں ہے، جو ان حضرات نے مسئلہ تصویر پر منعقدہ مذاکرۂ علمیہ پر نہ صرف شائع کی ہے بلکہ ’تصویر کا شرعی حکم: ایک تقابلی جائزہ‘ کے تحت جناب حافظ حسن مدنی نے ایک پُرمغز اور رہنمائی خطوط (Guide lines) پر مشتمل اداریہ تحریر فرما کر تقابلی مطالعہ اور جائزہ کے بعد نتائج سیمینار کو الگ، مختلف الالوان والریاحین خوبصورت گلدستۂ افکارِ زرّیں کی شکل میں پیش کیا ہے۔ اس تقابلی مطالعہ سے ہم جیسے بہت دور یمن میں بیٹھے ہوئے لوگوں کو بھی ان برادرانہ دل خوش کن فضاؤں کا اندازہ ہوا جو اُن پر چھائی ہوئی تھیں اور جو بجائے خود رحمتِ الٰہی کی ایک بڑی خوش آئند دلیل ہے۔

مزید اس تحریر سے، اتفاقِ رائے کے علی الرغم ان محرکات اور دلائل کو بیک نظر پڑھنے اور سمجھنے کا بھی موقع ملا جو باعثِ اختلاف ہوئے تھے۔ جہاں یہ اداریہ مولانا حسن مدنی کی عالمانہ شان ونظر کی عکاسی کرتا ہے، تو وہیں وہ ان کی صحافیانہ صلاحیتوں کی منہ بولتی تصویر بھی ہے۔ اللهم زِد فَزِد وسخّرهما لخدمة دينك وكتابك العظيم وسنة نبيك